# ٹرانزیشن: اسکول کی ایک مثبت شروعات

ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (Transition Learning and Development Statement) کو پُر کرنے میں خاندانوں کی مدد کرنے کے لیے رہنما اصول

## اسکول کی مثبت شروعات کرنا کیوں ضروری ہے؟

اسکول کی مثبت شروعات آپ کے بچے کے لیے بہتر تعلیم اور فلاح و بہبود کے نتائج کا باعث بنتی ہے۔ اس کے نتیجے میں:

- ان کی تعلیم اور ترقی کے عمل میں رکاوٹیں اثر انداز نہیں ہوتیں
- آپ کے بچے کو محفوظ، پُر اعتماد اور منسلک محسوس کرنے میں مدد ملتی ہے
- یہ لچک کو فروغ دیتا ہے۔

## ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (TRANSITION LEARNING AND DEVELOPMENT STATEMENT) کیا ہے؟

ٹرانزیشن لرننگ اینڈ ڈولیپمنٹ اسٹیٹمنٹ (جسے ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ بھی کہا جاتا ہے) ہر بچے کے لیے اس وقت لکھا جاتا ہے جب وہ ابتدائی بچپن کی سروس سے اسکول میں منتقل ہوتے ہیں۔ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ مختلف خدمات، اسکولوں اور خاندانوں کے مابین معلومات کو شیئر کرنا آسان بناتا ہے۔

آپ کے بچے/آپ کی بچی کی ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ میں درج ذیل تفصیلات شامل ہوں گی:

- آپ کے بچے/آپ کی بچی کا نام، تاریخ پیدائش اور تصویر
- آپ کا نام اور رابطے کی تفصیلات
- ابتدائی بچپن کی سروس اور آپ کے بچے/آپ کی بچی کی مدد کرنے والے دیگر کسی بھی بچپن کے پیشہ ور افراد کا نام اور رابطے کی تفصیلات۔
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کی دلچسپیوں، مہارتوں اور قابلیتوں کے بارے میں معلومات
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کی تعلیم میں مدد کرنے کے لیے تدریسی حکمت عملیاں۔

یہ معلومات آپ کے بچے/آپ کی بچی کے ابتدائی اسکول کے استاد کو آپ کے بچے کو جاننے اور اس کی تعلیم کے لیے منصوبہ بنانے میں مدد دیتی ہے۔ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ آپ کے بچے/آپ کی بچی کے اسکول جانا شروع کرنے کے ساتھ ہی بچے/بچی کی تعلیم کو سمجھنے، اس میں مدد کرنے اور اس پر تبادلہ خیال کرنے میں بھی مدد کرسکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ/ آپ کی بچی کسی اسکول اوقات کے علاوہ دیکھ بھال (OSHC) میں جائے، تو OSHC سروس کو بھی ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کی ایک نقل دی جائے گی۔

آپ کے بچے/آپ کی بچی کی ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ درج ذیل امور میں مدد دیتی ہے:

- آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی دلچسپیوں کے پلان کرنا
- آپ کے بچے/ آپ کی بچی کی ابتدائی بچپن کی سروس سے اسکول میں آسان منتقلی میں مدد کرنا۔

## ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ میں آپ کی رائے

آپ اپنے بچے/ اپنی بچی کے ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ میں اپنا حصہ ڈال کر اسکول کی ایک مثبت شروعات کرنے میں اُس کی مدد کر سکتے ہیں۔

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کے مختلف سیکشن ہیں جنہیں مختلف لوگوں کے ذریعے پُر کرنا ہوتا ہے:

**سیکشن 1 اور 1.1** کو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ابتدائی بچپن کے استاد کے ذریعے پُر کیا جاتا ہے۔

**سیکشن 1.2** کو آپ کے بچے/ آپ کی بچی کے ابتدائی بچپن کے استاد پُر کر سکتے ہیں، اگر آپ کا بچہ/آپ کی بچی نشوونما میں تاخیر سے دوچار ہے یا وہ معذور ہے۔ آپ کے بچے/آپ کی بچی کی مدد کرنے والے دیگر ابتدائی بچپن کے پیشہ ور افراد بھی اسے پُر کر سکتے ہیں۔

**سیکشن 2: بچہ/بچی** اسے آپ کے بچے/بچی کو کسی واقف بالغ شخص جیسے آپ یا ابتدائی بچپن کے استاد کی مدد سے پُر کرنا ہوتا ہے۔

**سیکشن 3: خاندان** اسے آپ کو پُر کرنا ہے۔ یہ درج ذیل امور کے بارے میں آپ کے اہم خیالات کے بارے میں پوچھتا ہے:

- آپ کے بچے/آپ کی بچی کی دلچسپیاں
- اسکول میں آپ کے بچے/آپ کی بچی کے لیے آپ کی امیدیں، خواہشات اور مقاصد۔

یہ معلومات آپ کے ساتھ اور آپ کے بچے /آپ کی بچی کے ساتھ گفتگو کرنے میں آپ کے بچے/آپ کی بچی کے استاد (اور ان کے OSHC اساتذہ، اگر کوئی ہے) کی مدد کرسکتی ہیں اور آپ کے بچے/آپ کی بچی کی تعلیم اور ترقی میں معاون ثابت ہوسکتی ہیں۔

## اس کے بعد کیا ہوگا؟

اپنے پُر کئے ہوئے سیکشن 3 (اور سیکشن 2، اگر آپ نے اسے پُر کرنے میں اپنے بچے/اپنی بچی کی مدد کی ہے) کو اپنے بچے/آپ کی بچی کے ابتدائی بچپن کے استاد کو واپس کریں۔

وہ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کے تمام سیشکنز کو ایک ساتھ رکھیں گے اور درج ذیل افراد کو اس کی ایک نقل دیں گے:

- آپ کو
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کے اسکول کو
- آپ کے بچے/آپ کی بچی کی OSHC سروس کو، اگر کوئی ہے۔

اگر آپ نے ابھی تک اسکول کا انتخاب نہیں کیا ہے تو، آپ کو ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کی دوسری نقل بھی دی جائے گی۔ آپ اسے اپنے بچے/اپنی بچی کا داخلہ کرواتے وقت اس کے اسکول کو دے سکتے ہیں۔

اگر آپ سیکشن 3 واپس نہیں کرتے ہیں تو، تب بھی ابتدائی بچپن کا استاد باقی کے تکمیل شدہ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کا آپ کے، آپ کے بچے/آپ کی بچی کے اسکول اور آپ کے بچے/آپ کی بچی کی OSHC سروس اگر کوئی ہو تو کے ساتھ شیئر کرے گا۔

ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ میں معلومات کو شیئر کرنے سے بچوں کو کامیابی کے ساتھ اسکول میں منتقلی میں مدد ملتی ہے۔ تاہم، اگر آپ نہیں چاہتے کہ ٹرانزیشن اسٹیٹمنٹ کا آپ کے بچے/آپ کی بچی کے اسکول کے ساتھ شیئر کیا جائے تو، براہ کرم اپنے بچے/اپنی بچی کے ابتدائی بچپن کے استاد سے بات کریں۔

بعض اوقات وکٹورین تعلیم اور دیکھ بھال کے پیشہ ور افراد کو کسی بچے/بچی کی فلاح و بہبود یا سلامتی کی حفاظت کے لیے معلومات کو شیئر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کی ابتدائی بچپن کی تعلیمی سروس جہاں دیکھ بھال کرنے، امتیازی سلوک کا خاتمہ کرنے کے اپنے فرض اور پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت اور بچوں کی فلاح و بہبود اور سلامتی کی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہو تو آپ کے بچے/آپ کی بچی اور خاندان کے بارے میں معلومات کو شیئر کر سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں https://www.vic.gov.au/information-sharing-schemes-and-the-maram-framework

## مزید معلومات کے لیے

برائے مہربانی ملاحظہ کریں www.education.vic.gov.au/transitiontoschool

یہ دستاویز مختلف زبانوں میں یہاں دستیاب ہے - www.education.vic.gov.au/transitiontoschool